# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاصر شعری ادب (9026) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: معاصر اردو نعت کے فکری و فنی ارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے، راجا رشید محمود اور ڈاکٹر ریاض مجید کی نعتیہ شاعری کے محاسن اور اسلوبیاتی خصوصیات کا تقابلی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال 2: افتخار عارف کے ہاں کلاسیکی شعور اور معاصر کربلائی استعاروں کا امتزاج ان کی غزل کو جدید دور کے مسائل سے کیسے ہم آہنگ کرتا ہے؟ متن کی مثالوں سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال 3: ثروت حسین کی غزل میں موجود گداز، معصومیت اور کائناتی المیہ معاصر غزل کے دیگر شعرا کے اسلوبیاتی رویوں سے کس طرح مختلف ہے؟ دلائل سے جواب دیں۔ (20

سوال 4: ساقی فاروقی اور وحید احمد کی نظموں میں علامت نگاری اور حیاتیاتی/سائنسی شعور نے معاصر اردو نظم کی اندرونی ساخت کو کیا نئی جہتیں دیں؟ تفصیلی جواب لکھیں۔ (20)

سوال 5: نسرین انجم بھٹی کی فکری کج روی اور حمیدہ شاہین کے ہاں تانیثی شعور اور مزاحمتی رویوں نے روایتی صنفِ نظم کے فکری ڈھانچے کو کیسے بدلا؟ تجزیہ پیش کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: اردو ماہیے کی تین سطری ہیئت نے معاصر شعرا کو محدود لفظیات میں گھرے کائناتی و مقامی مضامین سمونے کی آزادی کس طرح فراہم کی؟ نیز علی محمد فرشی نے معاصر دور میں ماہیے کو ایک مستقل صنف کے طور پر مستحکم کرنے میں کیا فنی کردار ادا کیا؟ تفصیلی جواب لکھیں۔ (20)

سوال 2: جمیل الدین عالی کے دوہوں میں ہندی آمیز لسانی رچاؤ اور مقامی کلچر نے معاصر اردو شاعری کے اسلوبیاتی تنوع کو کس طرح بیان کیا؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال 3: قتیل شفائی کے گیتوں میں پائی جانے والی نغمگی، رومانیت اور فلمی و ادبی گیت کے مابین حدِ فاصل کا معاصرانہ تناظر میں کیا فکری جواز ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 4: ہلال نقوی نے روایتی رثائی ادب کے کینوس کو معاصر عہد کے المیوں اور عالمی انسانی مسائل سے جوڑنے میں کیا تخلیقی اجتہاد کیا ہے؟ تفصیلی لکھیں۔ (20)

سوال 5: معاصر اردو شاعری کے تناظر میں دوہا، گیت اور ماہیا میں پائی جانے والی مقامی ثقافتی و ہندی روایت کے اشتراک کی تفصیلی وضاحت کیجیے۔ (20)